# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 1 کے لیے



# ٹیچر کے لیے ہدایات

- تصویروں اور کہانی سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ہی بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات کریں۔ بچوں کے خیالات کو رد نہ کریں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔ الفاظ کی ادائیگی اور سوالات کے مکمل جواب دینے میں بچوں کی مدد کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 8 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 40 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 40 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لیے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

- **10 منٹ** بچوں میں کتاب ''کون'' تقسیم کریں۔ بچے ہر صفحے کو غور سے دیکھیں۔ اگر کوئی بچہ کسی جانور یا پرندے کے بارے میں سوال کرتا ہے یا کچھ بتانا چاہتا ہے تو اس کی بات ضرور سنیں اور مناسب جواب دیں۔
- **15 منٹ** بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ جانوروں اور پرندوں کی آوازیں بچوں سے پوچھیں۔ اگر کوئی بچہ اصل آواز نکال کر بتانا چاہتا ہے تو اسے ضرور موقع دیں۔ خود بھی آوازیں نکال کر بتائیں۔
- **15 منٹ** کہانی کا ہر صفحہ باری باری پڑھیں اور بچوں سے کہیں کہ چھپے ہوئے جانور ڈھونڈیں۔ بچوں سے ہر صفحے پر دیے گئے جانور اور پرندوں کی گنتی کروائیں۔

# سیشن 2

| |
|---|
| سیشن 2 کے لیے آخری صفحے پر دیے ہوئے جانوروں اور پرندوں کے نام اور ان کی آوازوں کے flashcards تیار کر لیں۔ |

- **10 منٹ** کہانی پڑھ کر سنائیں۔
- **15 منٹ** flashcards پر لکھے ہوئے الفاظ کی ایک بار اجتماعی پڑھائی اور بعد میں انفرادی پڑھائی کروائیں۔ حسب ضرورت بچوں کی مدد کریں۔ حروف توڑ کر پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔
  جیسے: چ + و + ہ + ا = چوہا
- **15 منٹ** بچے اپنی کوپی نکالیں۔ کہانی میں سے اپنی پسند کے کسی ایک جانور اور ایک پرندے کی تصویر بنائیں اور ان کے نام اور آواز لکھیں۔

**ہوم ورک**

- بچے کتاب گھر لے جائیں۔ اس میں سے لفظ چوہا اور مکھی کا توڑ لکھیں۔

# سیشن 3

**5 منٹ**

- بچوں میں کتاب ''**کون**'' تقسیم کریں اور انہیں بتائیں کہ آج ہم ایک activity کریں گے۔ اس دوران سب بچے خاموشی سے اپنی کتاب پڑھنے کی کوشش کریں گے۔ ایک بار flashcards سے اجتماعی پڑھائی کروائیں۔

**35 منٹ**

- اپنی میز پر ایک طرف جانوروں اور پرندوں کے نام کے کارڈ اور دوسری طرف ان کی آوازوں کے کارڈ رکھیں۔ باری باری بچے آئیں، کوئی ایک نام کا کارڈ اٹھائیں، اس کو پڑھیں اور پھر آوازوں والے کارڈ میں سے صحیح آواز کا کارڈ تلاش کر کے نام کے کارڈ کے ساتھ رکھیں۔

نوٹ: اگر دونوں کارڈ کے استعمال میں وقت زیادہ لگ رہا ہے تو صرف نام کا کارڈ اٹھائیں، اسے پڑھیں اور نام کے مطابق بچے آواز خود نکالیں۔

# سیشن 4

**15 منٹ**

- flashcards سے ایک بار پھر پڑھائی کروائیں۔ بورڈ پر 6 جانوروں اور پرندوں کے نام اور ان کی آوازیں مندرجہ ذیل طریقے سے لکھیں۔

| نام | آواز |
|---|---|
| بطخ | کوں کوں |
| ہنس | قیں قیں |
| کوئل | ہونک ہونک |
| چوہا | بھن بھن |
| کوا | چوں چوں |
| مکھی | کو کو |

بچوں کو بورڈ پر لکھا ہوا کام پڑھ کر سنائیں۔ بچے خود کہیں گے کہ آواز غلط ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ انہوں نے جانوروں اور پرندوں کے نام کے آگے غلط آواز لکھ دی ہے۔ بچوں سے زبانی صحیح آوازیں پڑھوائیں۔

**20 منٹ** • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ پر لکھا ہوا کام اپنی کوپی میں اتاریں اور نام اور صحیح آواز کو لائن بنا کر ملائیں۔

**ہوم ورک**

**5 منٹ** • کہانی گھر سے پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 5

**20 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کتاب کے مختلف صفحات کی پڑھائی کروائیں۔ ان سے پوچھیں کہ کیا ان کو کسی اور پرندے یا جانور کا نام اور اس کی آواز معلوم ہے۔ بچوں کو بات کرنے کا موقع دیں۔

**20 منٹ** • نیچے دیے گئے الفاظ بورڈ پر جوڑ کر اور توڑ کر لکھیں۔ بچے اپنی اپنی کوپی میں یہ کام لکھیں۔

| جوڑ | توڑ |
|---|---|
| چوہا | چ + و + ہ + ا |
| مرغا | م + ر + غ + ا |
| مکھی | م + کھ + ی |
| کبوتر | ک + ب + و + ت + ر |
| کوئل | ک + و + ء + ل |
| ہنس | ہ + ن + س |
| بطخ | ب + ط + خ |
| کوا | ک + و + ا |

# سیشن 6

سیشن 6 کے لیے مددگار الفاظ(helping words) کے flashcards بنا لیں۔
الفاظ: میں ہوں میرا میری میرے ہے

15 منٹ • بچوں کو مددگار الفاظ کی پڑھائی 3 - 2 بار flashcards سے کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب ہم باتیں کرتے ہیں یا جملے لکھتے ہیں تو ہمیں مددگار الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہر ایک لفظ سے آسان اور چھوٹے جملے بنا کر سمجھائیں۔ اگر کوئی بچہ جملہ بنانا چاہے تو اسے موقع دیں۔

10 منٹ • بچوں کو چھوٹی سی نظم پڑھ کر یا گا کر سنائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی لائنیں دہرائیں۔

### نظم

چوں چوں کرتی آئی چڑیا
دال کا دانا لائی چڑیا

مرغا شور مچاتا آیا
مور ناچ دکھاتا آیا

کوئل کو کو گانا گائیں
کوا کرے کائیں کائیں

طوطا ٹیں ٹیں کرتا جائے
اپنی آنکھیں گھماتا جائے

15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں اور اپنی پسند کے کسی ایک جانور اور ایک پرندے کی تصویر بنا کر ان میں رنگ بھریں۔ ان کے نام بھی لکھیں۔ نام کی لکھائی بچے کتاب کی مدد سے کریں۔

# سیشن 7

**10 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ کتاب کے آخری صفحے پر دی گئی تصویروں کو غور سے دیکھیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ تصویروں میں کتنے کیڑے ہیں (2)، کتنے جانور ہیں (2) اور کتنے پرندے ہیں (6)۔

**30 منٹ** • بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور ان میں 6 کیڑوں اور 6 جانوروں کے نام لکھیں۔

| جانور | کیڑے |
|---|---|
| بکری | مچھر |
| شیر | چیونٹی |
| کتا | تتلی |
| بلی | سنڈی |
| گدھا | لال بیگ |
| بندر | گھونگا |

- بچوں سے بات چیت کے ذریعے جانوروں کی آوازیں پوچھیں۔ بورڈ پر لکھے ہوئے جانوروں کے ناموں کے آگے ان کی آوازیں لکھیں۔ مثلاً:

| جانور | آوازیں | جانور | آوازیں |
|---|---|---|---|
| بکری | میں میں | بلی | میاؤں |
| شیر | ہاؤں | گدھا | ڈھینچوں |
| کتا | بھوٗ بھوٗ | بندر | کیں کیں |

# سیشن 8

20 منٹ • بچوں سے کتاب میں دیے گئے جانوروں اور پرندوں کے نام انگریزی میں پوچھیں۔

15 منٹ • بورڈ پر 2 کولم بنائیں اور اردو اور انگریزی میں نام لکھیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| crow | کوا |
| mouse | چوہا |
| rooster | مرغا |
| duck | بطخ |
| swan | ہنس |
| fly | مکھی |
| cricket | جھینگر |
| pigeon | کبوتر |
| koel | کوئل |
| squirrel | گلہری |

## ہوم ورک

5 منٹ • اپنی پسند کا ایک جانور، ایک کیڑا اور ایک پرندہ بنائیں اور رنگ بھریں۔

# کون

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup